**Series RSH/C**

**Code No. 5B**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **15** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

## SUMMATIVE ASSESSMENT – II

# URDU (Course B)

# (اُردو - (کورس B

وقت : 3 گھنٹے

کُل نمبر: ۹۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 90*

# (حصّہ - الف)

۱- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے 5

"جن گیتوں کو کسی ملک کے عوام گاتے ہیں، وہ اس ملک کے لوک گیت کہلاتے ہیں۔ یہ لوک گیت اس ملک کی زندگی کا آئینہ ہوتے ہیں۔ لوک گیت طرح طرح کے ہوتے ہیں اور اس کا دائرہ بہت وسیع ہوتا ہے۔ کھیت کھلیان، میلے ٹھیلے، تیج تہوار، شادی بیاہ، خوشی اور غم اس میں مل جاتے ہیں۔ لوک گیتوں میں زمین کی خوشبو ہوتی ہے، وطن سے محبّت اور علاقے کی محبّت، ان میں شامل ہوتی ہے، لوک گیتوں میں روایات اور رسومات کی بھی جھلک ہوتی ہے۔ ان میں تعصب اور تنگ نظری نہیں ہوتی۔ لوک گیتوں میں ہماری تہذیب گھلی ملی اور رچی بسی ہوتی ہے۔ تہذیب کے سنوارنے میں ان لوک گیتوں نے اہم کردار ادا کیا ہے اور تہذیب و روایات نے لوک گیتوں کو نئی زندگی بخشی ہے۔"

(i) لوک گیت:

(a) اپنے ملک کی زندگی کی شان ہوتے ہیں۔
(b) اپنے ملک کی زندگی کی آبرو ہوتے ہیں۔
(c) اپنے ملک کی زندگی کا آئینہ ہوتے ہیں۔
(d) اپنے ملک کی زندگی کا قانون ہوتے ہیں۔

(ii) لوک گیتوں میں:

(a) وطن اور علاقے کی محبت کا ذکر ہوتا ہے۔
(b) وطن اور علاقے کی محبت کا ذکر نہیں ہوتا ہے۔
(c) وطن اور علاقے کے پکوان کا ذکر ہوتا ہے۔
(d) وطن اور علاقے کے رسم ورواج کا ذکر نہیں ہوتا ہے۔

(iii) کسی ملک یا علاقے کے تیج تہوار، شادی بیاہ اور کھیت کھلیان کا ذکر ہوتا ہے:
(a) فلمی گیتوں میں۔
(b) شاعری میں۔
(c) بھجن میں۔
(d) لوک گیتوں میں۔

(iv) تہذیب کے سنوارنے میں لوک گیتوں نے اہم کردار ادا کیا ہے اور تہذیب وروایات نے لوک گیتوں کو:
(a) برباد کیا ہے۔
(b) نئی زبان دی ہے۔
(c) نئی زندگی دی ہے۔
(d) نئی خوشبو دی ہے۔

(v) لوک گیت کسے کہتے ہیں؟

(a) جو گیت فلموں میں گائے جاتے ہیں۔
(b) جو گیت بغیر ساز کے گائے جاتے ہیں۔
(c) جن گیتوں کو ملک کے عوام گاتے ہیں۔
(d) جن گیتوں کو لوگ پسند نہیں کرتے۔

2- درج ذیل اشعار کو پڑھیے اور ان سے متعلق دیے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

5

یاں حسن کی برق چمکتی ہے — یاں نور کی بارش ہوتی ہے
ہر آہ یہاں اک نغمہ ہے — ہر اشک یہاں اک موتی ہے
ہر شام ہے شامِ مصر یہاں — ہر شب ہے شبِ شیراز یہاں

ہے سارے جہاں کا سوز یہاں — اور سارے جہاں کا ساز یہاں
یہ دشت جنوں دیوانوں کا — یہ بزم وفا پروانوں کی
یہ شہر طرب رومانوں کا — یہ خلدِ بریں ارمانوں کی

(i) یاں کس چیز کی بارش ہوتی ہے؟

(a) رنگوں کی۔
(b) نور کی۔
(c) روشنی کی۔
(d) پتوں کی۔

(ii) "خلد بریں ارمانوں کی" کا مطلب ہے:

(a) خوابوں کی جنت۔
(b) بیوقوفوں کی جنت۔
(c) جھوٹی جنت۔
(d) آرزوؤں کی جنت۔

(iii) ہر اشک یہاں کیا ہے؟

(a) قطرہ۔

(b) موتی۔

(c) دانہ۔

(d) ذرّہ۔

(iv) یہاں کی ہر شام کو شاعر نے کیا کہا ہے؟

(a) شامِ مصر۔

(b) شامِ اودھ۔

(c) شامِ لکھنؤ۔

(d) شامِ بغداد۔

(v) شعر مکمل کیجیے 'یاں نور کی بارش ہوتی ہے'

(a) ہر شام ہے شامِ مصر یہاں

(b) ہر آہ یہاں اک نغمہ ہے

(c) یاں حسن کی برق چمکتی ہے

(d) ہر اشک یہاں اِک موتی ہے

3- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 10

(i) پسندیدہ کھیل۔
(ii) میٹرو کی سیر۔
(iii) ہمارے تہوار۔
(iv) تعلیم کے فائدے۔

4- محکمۂ پانی کے آفسر کے نام ایک درخواست لکھ کر اپنے محلے میں پانی کی قلت سے آگاہ کیجیے اور مناسب انتظام کی گزارش کیجیے۔ 8

یا

اپنے دوست کو ایک خط لکھ کر اپنے امتحان کے بارے میں تفصیل سے بتائیے۔

5- نیچے دیئے گئے جملوں میں سے 'فعل مستقبل' کے جملے تلاش کر کے لکھیے۔ 4

میں کل بنارس جاؤں گا۔
اکرم بیمار تھا۔
شیام گھر جائے گا۔
بچی پڑھ رہی ہے۔
کل بارش ہوگی۔
شیر دہاڑ رہا ہے۔
اگلے ہفتے نئی فلم لگے گی۔

6- درج ذیل میں سے کسی چار الفاظ کے مُتضاد لکھئے۔ 4

مشرق - انکار - بھلائی - دشمن - زندہ - جنّت - آغاز - عام

7- درج ذیل محاوروں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجئے: 4

چار چاند لگنا - رونگٹے کھڑے ہونا - مُٹھی گرم کرنا - پھولے نہ سمانا - پالا پڑنا - تارے گننا - بات کاٹنا -

8- درج ذیل میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ لکھئے۔ 4

دھوبی - استانی - بیٹی - لڑکا - والدہ - سلطان - گھوڑا - کرسی -

9- درج ذیل میں سے واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھئے۔ 4

اَعداد - اَخبار - افواج - بیگم - اَلماری - ماہرین - کہانی - تصاویر -

10- مال دار میں 'دار' لاحقہ ہے۔ 'دار' لگا کر آپ بھی چار الفاظ لکھئے۔ 4

11- بے شک میں 'بے' سابقہ ہے۔ 'بے' لگا کر آپ بھی چار الفاظ لکھئے۔ 4

## (حصّہ ۔ ب)

12۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالات کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔ 8

قصہ کیا ہوا تھا؟ وزیر علی کو معزول کرنے کے بعد ہم نے اسے بنارس پہنچا دیا اور تین لاکھ روپے سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا۔ کچھ مہینے بعد گورنر جنرل نے اسے کلکتے طلب کیا۔ وزیر علی کمپنی کے وکیل کے پاس گیا جو بنارس میں رہتا تھا اور اس سے شکایت کی کہ گورنر جنرل اسے کلکتے میں کیوں طلب کرتا ہے۔ وکیل نے شکایت کی پروا نہ کی۔ اُلٹا اُسے بُرا بھلا سنا دیا۔ وزیر علی کے دل میں یوں بھی انگریزوں کے خلاف نفرت کوٹ، کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اس نے خنجر سے وکیل کا کام تمام کر دیا اور بھاگ گیا۔

(i) وزیر علی کے دل میں کس کے خلاف نفرت بھری ہوئی ہے؟

(a) رعایا کے خلاف۔
(b) دشمنوں کے خلاف۔
(c) انگریزوں کے خلاف۔
(d) سپاہیوں کے خلاف۔

(ii) کس نے شکایت کی پرواہ نہیں کی؟

(a) وزیر علی نے۔
(b) گورنر جنرل نے۔
(c) وکیل نے۔
(d) انگریزوں نے۔

(iii) کمپنی کا وکیل کہاں رہتا تھا؟

(a) بنارس میں۔
(b) لکھنؤ میں۔
(c) الہ آباد میں۔
(d) دہلی میں۔

(iv) وزیر علی کا سالانہ وظیفہ کتنا مقرر کیا گیا؟

(a) دو لاکھ۔
(b) تین لاکھ۔
(c) چار لاکھ۔
(d) پانچ لاکھ۔

یا

ادنتی ایک خوش مزاج اور ہنس مکھ شخص تھا۔ غریبوں کا تو وہ بہت ہی عزیز دوست تھا۔ اس لئے لوگ اس سے بڑی محبت کرتے تھے۔ بعض لوگ اس سے حسد کرتے تھے اور اس کو چڑھانے اور اس کو نیچا دکھانے کی تاک میں لگے رہتے تھے۔ لیکن ادنتی اپنی سوجھ بوجھ سے انھیں کو قائل کر دیتا تھا۔ ایک بار ادنتی کا مذاق اڑانے کے لئے ایک آدمی نے اس سے کہا ادنتی! "رات کو سو رہا تھا تو میرا منھ کھلا رہ گیا۔ اسی وقت چوہا آیا اور میرے منھ میں گھس کر میرے پیٹ میں چلا گیا۔ اب تمھیں بتاؤ میں کیا کروں؟" ادنتی نے فوراً جواب دیا۔ "میرے دوست بس ایک ہی علاج ہے۔ تم ایک زندہ بلّی پکڑ کر اسے نگل جاؤ۔"

(i) ادنتی کن کا بہت ہی عزیز دوست تھا؟

(a) شریفوں کا۔
(b) امیروں کا۔
(c) فقیروں کا۔
(d) غریبوں کا۔

(ii) اونتی اپنے حسد کرنے والوں کو کیسے قائل کر دیتا تھا؟

(a) اپنی بات چیت سے۔
(b) اپنی سوجھ بوجھ سے۔
(c) اپنی عقل اور ذہانت سے۔
(d) اپنی تعلیم سے۔

(iii) اونتی کا مذاق اڑانے کے لئے ایک آدمی نے اس سے کہا میں منھ کھول کر سو رہا تھا کہ:

(a) ایک بلّی میرے پیٹ میں چلی گئی۔
(b) ایک چھپکلی میرے پیٹ میں چلی گئی۔
(c) ایک چوہا میرے پیٹ میں چلا گیا۔
(d) ایک مچھّر میرے پیٹ میں چلا گیا۔

(iv) اونتی کیسا شخص تھا؟

(a) لااُبالی اور لاپَروا۔
(b) اَلبیلا اور نِرالا۔
(c) شرارتی اور چلبلا۔
(d) خوش مزاج اور ہنس مکھ۔

13- درج ذیل میں سے تین سوالوں کے جواب لکھیئے: 6

(i) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا؟
(ii) رضیہ سلطان کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟
(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا؟
(iv) بُندو کو کاٹھ کا گھوڑا کیوں کہا گیا؟

۱۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیئے: (4)

(i) نئی روشنی۔

(ii) کاٹھ کا گھوڑا۔

(iii) رضیہ سلطان۔

۱۵۔ درج ذیل اشعار کو پڑھیئے اور ان سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ (8)

خون اپنا ہو یا پرایا ہو　　نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں　　امنِ عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پہ گریں کہ سرحد پر　　روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے　　زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

(ا) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) قدم بڑھاؤ دوستو!۔

(b) پہاڑ اور گلہری۔

(c) اے شریف انسانو!۔

(d) رباعیات۔

(ii) اِس بند کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(a) بشر نواز۔

(b) اقبال۔

(c) ساحر لدھیانوی۔

(d) میر انیس۔

(iii) جنگ سے کیا مراد ہے؟

(a) آپس کی لڑائی۔

(b) گھر کی لڑائی۔

(c) پڑوسیوں کی لڑائی۔

(d) ملکوں کی لڑائی۔

(iv) زیست کے کیا معنی ہیں؟

(a) زندگی۔

(b) خوشی۔

(c) جانور

(d) پرندے

یا

تری بساط ہے کیا، میری شان کے آگے
زمیں ہے پست، میری آن بان کے آگے

جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو ہے وہ نصیب کہاں،
بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں

کہا یہ سن کے گلہری نے منہ سنبھال ذرا
یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال ذرا

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) پہاڑ اور گلہری۔

(b) اے شریف انسانو۔

(c) قدم بڑھاؤ دوستو!۔

(d) نیکی اور بدی۔

(ii) اس بند کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) ساحر لدھیانوی۔

(b) بشر نواز۔

(c) اقبال۔

(d) نظیر اکبرآبادی

(iii) اس بند میں کس کے درمیان بات چیت ہے؟

(a) جانور اور انسان۔

(b) پہاڑ اور گلہری۔

(c) ہاتھی اور چیونٹی۔

(d) بلی اور کبوتر۔

(iv) بساط کے معنی ہیں:

(a) حیثیت۔

(b) محنت۔

(c) کوشش۔

(d) ہمت۔

16۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ 4

(i) نظم " قدم بڑھاؤ دوستو" کے ذریعہ شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

(ii) نظم "پہاڑ اور گلہری" سے کیا سبق ملتا ہے؟

(iii) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کی غزل میں دنیا سے دل لگانے کے کیا معنی ہیں؟

(iv) اِس شعر کا مفہوم بیان کیجئے:

کوئی اُمید بر نہیں آتی  کوئی صورت نظر نہیں آتی

17- درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 4

(i) اے شریف انسانو۔

(ii) قدم بڑھاؤ دوستو۔